© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ ڈاکٹر قدیر سے اب بھی ایٹمی پھیلاؤ کا خطرہ ہے۔ (رابرٹ ووڈ)
ٹیپو سلطان کی لاش سے بھی اسی طرح انگریز کئی دن خوفزدہ رہے تھے۔

☆ حکمران امریکی ایلچی کے سامنے معذرت خواہانہ رویہ اپنانے کی بجائے دوٹوک انداز میں بات کریں۔ (جاوید ہاشمی)

میدان میں وہ آتا ہے جو غیرت سے بھرا ہو
محفل میں چھلکتا ہے سدا ساغر لبریز

☆ پاکستان پر میزائل حملے ہوتے رہیں گے۔ (امریکی تھنک ٹینک)
کہاں گیا وہ بش کے چرنوں میں جھکنے والا سورما، جس نے کہا تھا ''میں نے پاکستان بچالیا''

☆ اپنے دور میں پاکستان اور اسرائیل کو قریب لانے کی کوشش کی۔ (پرویز مشرف)
کہ ''جہاز'' کو اپنے پرائے کی پہچان نہیں رہتی۔

☆ ڈرون حملے پاکستان سے نہیں ہو رہے۔ (وزیر دفاع احمد مختار)
حملہ آور طیارے پاکستان کے اندر ہی آپریٹ کیے جاتے ہیں۔ (ڈائن فانٹائن)

☆ ممبئی حملے: منصوبہ بندی پاکستان میں بھی ہوئی۔ (رحمٰن ملک مشیر داخلہ)
بلاتبصرہ!

☆ ملتان ریسٹ ہاؤس، وفاقی وزیر کی کھلی کچہری، جیالے گتھم گتھا، گالیاں، ایک دوسرے پر الزامات (ایک خبر)
ایں خانہ ہمہ آفتاب است

☆ آرتھوپیڈک ڈاکٹر کو پٹرولیم کا مشیر کیوں لگایا گیا؟ (سینیٹر پروفیسر خورشید)
عوام کی ہڈیوں سے تیل نکالنے کے لیے

☆ شجاعت نے لال مسجد آپریشن نہ کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ (پرویز مشرف)
سفید فاسفورس سے جلائی جانے والی معصوم بچیوں کی بالوں والی کھوپڑیاں اور قرآن مجید کے جلتے ہوئے اوراق تمہارا پیچھا کرتے رہیں گے۔

☆ وعدے پورے کریں گے۔ (زرداری)
جب وعدے پورے کرنے کی باری آتی ہے تو کہتے ہیں ''وعدے کوئی صحیفہ نہیں ہوتے۔''



© rasailojaraid.com